# نصاب اسلامیات

## (نرسری تا دوم زبانی)

**نوٹ:۔ اسلامیات کی تدریس کا مقصد محض بچوں کو چند حقائق یا معلومات فراہم کر دینا اور چند کلمات، سورتیں یا احادیث ازبر کرا دینا نہیں کہ بچہ اس کو امتحان میں یا کسی جائزہ میں غیر شعوری طور پر بلا سمجھے بوجھے دہرا دے۔ بلکہ اسلامیات کی تدریس کا اصل مقصد بچوں کے اندر توحید، رسالت وآخرت کا صحیح تصور پیدا کرنا، ان کے اندر اسلامی اقدار و اخلاقیات کو پروان چڑھانا تاکہ وہ ایک سچے اور باعمل مسلمان بن سکیں اور اپنی زندگی ایک مسلمان کی حیثیت سے بتاسکیں تاکہ آخرت میں کامیاب ہوں۔ مندرجہ ذیل نصاب کی تدریس کے دوران درج بالا مقصد تدریس پیش نظر رہنا چاہئے۔**

نرسری تا دوم بچوں کو اسلامی اخلاقیات اور قدروں کی تعلیم صرف زبانی دی جائے گی۔ البتہ نصاب کو بتدریج مشکل بنایا جائے گا۔ کوئی بھی کام تحریری نہیں ہوگا۔ اسلامیات کا جائزہ بھی زبانی بات چیت کے ذریعہ لیا جائے گا۔ اگر چہ اس کا کوئی باقاعدہ امتحان نہیں ہوگا مگر وقتاً فوقتاً درجہ کے معائنہ کی شکل میں درسگاہ یا بیرون درسگاہ تشریف لائے حضرات بچوں سے کچھ پوچھ لیں تو استاد کو شرمندگی نہ اٹھانی پڑے اس لئے اس کی تعلیم پر بھی خاطر خواہ توجہ اور محنت کی جائے۔ بچے کی اسلامی نہج پر تربیت کے پہلو سے بھی اس کی اہمیت ہے۔

بچوں کی ذہنی سطح کو سامنے رکھ کر اسلامی اصول اور اخلاقیات کی تعلیم دی جائے گی جیسے جھوٹ نہ بولنا، کسی دوسرے کا سامان بلا اجازت نہ لینا، کوئی چیز پڑی مل جائے تو خود نہ لے لینا بلکہ اسے استاد، آیا، اسکول کے کسی ذمہ دار یا مدرس درجہ کے حوالے کر دینا۔ بڑوں کا کہنا ماننا، ماں باپ کا، استاد کا ادب کرنا، اپنے سے بڑوں کی عزت کرنا، اپنے ساتھیوں سے پیار و محبت سے پیش آنا، کسی کے پاس کوئی چیز نہ ہو تو اس کو دے دینا، غریبوں کی مدد کرنا، مانگنے والوں کو پیسے وغیرہ بچوں سے دلوانا، اکثر اسکولوں میں ضرورت مند آ کر دست سوال پھیلاتے ہیں اس طرح کے لوگوں کی مدد کے لئے بچوں کو ترغیب دینا۔ اگر چہ ایسا درسگاہ کے ذمہ دار کی اجازت کے بعد ہی کیا جائیگا۔ مقصد صرف یہ ہے کہ بچوں کے اندر غریب اور محتاج لوگوں سے ہمدردی اور ان کی مدد کرنے کا جذبہ پروان چڑھے۔ ان کے اندر اپنی اشیاء، کھلونے، جیب خرچ کے پیسے وغیرہ میں دوسروں کو شریک کرنے اور اپنی چیز کو مل بانٹ کر استعمال کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔ بڑے ہونے پہ یہ صفت بچوں کو سخی بنائے گی اور مال و متاع کا حریص بننے سے روکے گی۔ ان کے اندر صدقہ کرنے، ضرورت مندوں پر اپنی دولت خرچ کرنے کا جذبہ پیدا ہوگا۔

اللہ کی صفات جیسے وہی سب کچھ دیتا ہے۔ وہ ایک ہے، وہی سب کو پیدا کرتا ہے، مارتا ہے، پانی برساتا ہے، ہوا چلاتا ہے وغیرہ کو واضح اور ذہن نشین کرانا۔

بچوں کو اسلامی آداب، سلام کرنا، اٹھنے بیٹھنے کے آداب، چھینک آئے تو کیا کہنا چاہئے، کس طرح کھانسنا چاہئے، بیت الخلا کا استعمال فلش کا استعمال، کھڑے کھڑے پیشاب کرنے سے منع کرنا، بہت آسان چھوٹی چھوٹی دعائیں مشق کے ذریعہ یاد کرا دی جائیں۔ جیسے پانی پینے کے بعد الحمد للہ کہنا، کھانا کھانے کے بعد کی دعا، چھوٹی چھوٹی اصلاحی اور اسلامی نظمیں جیسے الف سے اللہ کو پہچان، ب سے بڑوں کا کہنا مان وغیرہ، کہانیاں سنانا اور اس میں پوشیدہ سبق ذہن نشین کرانا، نبیوں کے واقعات، صحابہ کے قصے، پیاری نبی ﷺ کی سیرت پاک سے چنندہ واقعات، آپؐ کے بچپن کے قصے وغیرہ وقتاً فوقتاً کہانیوں کی شکل میں سنائے جائیں، قرآنی قصے جیسے باغ والوں کا قصہ وغیرہ سنایا جائے۔ کہانیوں سے بچے لطف اندوز بھی ہوتے ہیں اور ساتھ ہی استاد اس میں مضمر اخلاقیات کا پہلو بھی بچوں کے سامنے واضح کر سکتا ہے۔ جیسے جیسے بچے کی عمر بڑھتی جائے دعاؤں، احادیث اور چھوٹی چھوٹی سورتوں کو یاد کرانے کا کام مزید پختہ اور مقدار میں اضافہ کے ساتھ کرایا جائے۔ سوم میں پہنچتے پہنچتے یعنی چار سال مکمل ہونے تک بچے کو کھانا کھانے کے بعد کی دعا، سونے کے وقت کی دعا، سو کر اٹھنے کی دعا، بیت الخلا جانے کی دعا، چھینک آنے کی دعا، چھینک کا جواب دینے کی دعا، سلام اور اس کا مکمل جواب، ثنا، التحیات، درود شریف (مسنون، رائج الوقت نہیں)، قرآن پاک کی آخری چار سورتیں، سورہ فاتحہ یاد کرا دی جائے۔ پہلے تین کلمے۔ پہلے دو کلمہ معہ مطلب،

حضور ﷺ کے بارے میں موٹی موٹی معلومات، آپ کا خاندان، آپ کی امی جان، ابو جان، دادا جان، چچا جان (ابو طالب)، آپ کی بیوی حضرت خدیجہؓ، آپ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ وغیرہ کے بارے میں جانکاری، آپ کے صادق اور امین ہونے کا مطلب، نبی کسے کہتے ہیں، جب پیارے نبی ﷺ دنیا میں تشریف لائے تو اس وقت دنیا کا کیا حال تھا؟ کچھ صحابہ کے مختصر حالات،

توحید، اور آخرت کا تصور، مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کئے جانے، سوال جواب ہونے، اچھے کام کرنے پر جنت ملنے، برے کام کرنے پر دوزخ میں جلنے، جنت کیا ہے؟ دوزخ کیا ہے؟ اچھے کام کیا ہیں؟ برے کام کیا ہیں؟ گناہ کیا ہے؟ ثواب کیا ہے؟ گناہ کرنے پر کیا ہوگا؟ اگر گناہ ہو جائے تو کس طرح توبہ کرنی چاہئے؟ اللہ سے معافی مانگنے کا مطلب، اور تقاضے بچوں کی عمر اور ذہنی سطح کو ملحوظ رکھ کر ذہن نشین کرایا جائے۔ مختصر یہ کہ ایک کامیاب استاد وہی ہے جو بچوں کی بہترین ذہنی اور اخلاقی تربیت کر سکے۔ اور بحیثیت ایک مسلمان استاد کے جس کی نگرانی میں امت مسلمہ کے نونہال ہیں ہماری ذمہ داری اخلاقی سے بڑھ کر دینی فریضہ بن جاتی ہے۔ اگر ہم اس کو دینی فریضہ سمجھ کر کریں گے تو

اپنی ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ اپنے اسلامی فریضہ سے بھی ان شاءاللہ سبکدوش ہوتے رہیں گے اور اجر وثواب کے بھی مستحق ہوں گے۔

کن درجات میں کون کون سی دعائیں، سورتیں یاد کرائی جائیں گی اس کا فیصلہ استاد خود کرے گا۔ دعاؤں کی ایک مکمل فہرست بنا کر نرسری، کے جی، اول اور دوم میں تقسیم کردی جائے تاکہ کسی بھی درجہ میں بار نہ ہو۔ اگر کوشش کی جائے تو بچہ ایک سال میں آٹھ دعائیں بآسانی یاد کرسکتا ہے۔ ایک مہینہ میں ایک دعا کا اوسط رکھا جائے۔

اول سے عربی کی تعلیم بھی شروع ہوجاتی ہے اور دوم میں پہنچتے پہنچتے بچہ قرآن پاک کا آخری پارہ شروع کردیتا ہے اس وقت تک بچوں کو بہت سی دعائیں بلیک بورڈ پر لکھ کر بھی یاد کرائی جاسکتی ہیں۔

## نصاب اسلامیات برائے درجہ سوم

اللہ۔ اللہ ہمارا معبود ہے، وہی حاکم، رازق، مالک، خالق ہے، اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ کی ذات اور صفات کا تصور دیا جائے۔ معبود کسے کہتے ہیں، عبادت کے لائق کون ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کا تعارف، حمد اور نعت کسے کہتے ہیں۔

اسلام کا تصور، اسلام کسے کہتے ہیں۔ مسلمان کسے کہتے ہیں۔ کلمہ، پہلا کلمہ اور اس کے معنی ومفہوم، کلمہ میں ہم کس بات کا اقرار کرتے ہیں۔

جنت، دوزخ کا تصور، مرنے کے بعد پیدا کئے جانے اور حساب کتاب ہونے کا تصور،

عبادات، عبادت کا طریقہ، نماز، نماز کی اہمیت، نماز پڑھنے کا طریقہ، نماز کے مختلف اذکار، چھوٹی چھوٹی سورتیں ودعائیں، نماز پڑھنے کے طریقہ کا عملی نمونہ اور اس کی مشق، ثنا، سورہ فاتحہ، کوئی سورہ، رکوع، سجدہ، قعدہ، میں پڑھے جانے والے اذکار، التحیات، درود شریف وغیرہ یاد کرائے جائیں۔ کن نمازوں میں کتنی رکعتیں پڑھی جاتی ہیں؟ نماز کے اوقات زیادہ تفصیل میں جائے بغیر جیسے فجر کا وقت سورج نکلنے سے پہلے تک رہتا ہے۔ دن رات میں کتنی بار نماز پڑھی جاتی ہے۔ عیدین اور جمعہ کی نماز، نماز اور اس کے فائدے، نماز نہ پڑھنے کا گناہ اور نقصانات، اذان، اذان کے الفاظ، اذان دینے کا طریقہ، وضو، وضو کرنے کا طریقہ، عملی مشق، بغیر فرض، واجب، سنت یا مکروہ کا نام لئے وضو کرنے کا صحیح طریقہ، وضو کرنے میں کیا کیا احتیاط کی جائے جیسے پانی ضرورت کے مطابق استعمال کرنا، ترتیب سے وضو کرنا، وغیرہ مکروہات بغیر مکروہ کی اصطلاح بتائے ذہن نشین کرائی جائے۔ صرف یہ بتایا کائے کہ ایسا نہیں کرنا چاہئے ورنہ وضو کرنے کا ثواب کم ہوجاتا ہے۔ وضو کن کن کاموں کے لئے ضروری ہے جیسے بغیر وضو کے نماز نہیں ہوگی، قرآن پاک پڑھنے کے لئے وضو کرنا وغیرہ۔ پیارے نبی ﷺ کے مختصر حالات، چند صحابہ کے مختصر حالات، خلفاء راشدین کے بارے میں، حدیث، چند حدیثوں کو یاد کرنا، کم از کم پانچ احادیث،

اسلامی تیوہاروں کا تعارف، عیدین، رمضان وغیرہ کا تعارف،

چند نبیوں کے بارے میں مختصر معلومات جیسے دادا آدمؑ، حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ وغیرہ، صرف موٹی موٹی اور آسانی سے ذہن نشین ہونے والی باتیں بتائی جائیں۔

اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید کا تعارف، قرآن مجید کس پر اترا؟ اس میں کیا ہے؟ اس کی زبان کیا ہے؟ ہدایت کی کتاب ہے، اس کو پڑھنے پر ثواب، اس پر عمل کرنے کی تلقین، ادب اور سلیقہ کی باتیں۔ اسلامی آداب، قرآن مجید پڑھنے کے آداب اور صحیح طریقہ، نماز کے چند آسان اذکار، دعائیں وغیرہ

قرآن پاک۔ درجہ سوم میں پہلے دو پارے ختم کرائے جائیں۔ آخری پانچ سورتیں یاد کرائی جائیں۔

معاون کتاب: سچا دین حصہ اول (مطبوعہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی)

## نصاب اسلامیات برائے درجہ چہارم

قرآن پاک: پہلے دس پارے ختم کرائے جائیں۔ آخری دس سورتوں کو حفظ کرنا۔ قرآن کو صحت اور روانی کے ساتھ پڑھنے کی مشق کرائی جائے۔ مدنی اور مکی سورتوں کا تعارف کرایا جائے، قرآن کا جو حصہ پڑھایا جائے اس میں آنے والے اہم مضامین جیسے جنت دوزخ کا ذکر، نبیوں کے واقعات جیسے جیسے بیچ بیچ آئیں بچوں کو ان سے متعارف کرایا جائے تاکہ قرآن سمجھ کر پڑھنے کا جذبہ پیدا ہو۔ یہ واقعات، قرآن کی تعلیمات بیچ بیچ میں طلباء پر تعلیمی بوجھ ڈالے بغیر استاد ضمناً سنایا بتا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر جب حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے کا ذکر آئے تو بچوں کو بتایا جائے کہ فرشتوں نے تو اللہ کے حکم کی تعمیل میں دادا آدمؑ کو سجدہ کرلیا مگر ابلیس نے غرور میں آکر انکار کردیا اور جنت سے نکالا گیا۔ اللہ کی نگاہ میں مردود قرار دیا گیا۔ غرور اور تکبر میں آکر اس نے اللہ کو ناراض کرلیا۔ اللہ تعالیٰ غرور کرنے والے اور نافرمانی کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ اس طرح بیچ بیچ آپ قرآن پڑھانے کے ساتھ ساتھ درس بھی دے سکتے ہیں۔ جس سے طلباء کے ذہن میں قرآن کی تعلیمات دھیرے دھیرے محفوظ ہوتی رہیں گی۔

دینیات: ایمان مجمل، متن اور ترجمہ، ایمان مجمل میں کن باتوں کا اقرار کرتے ہیں۔ اللہ پر ایمان، اللہ کی صفات پر ایمان، رسول پر ایمان، آخرت پر ایمان کا مطلب

اوراس کے تقاضے، آخرت پر ایمان سے فائدے، آخرت پر ایمان نہ لانے سے نقصانات

نماز، اوقات، شرائط، ارکان، طریقہ، فرض نمازیں، پانچوں اوقات کی نمازوں میں رکعت کی تعداد، فرض، سنت، واجب، نفل رکعتوں کی تعداد، نماز کے مزید اذکار، وضو کا طریقہ مزید مشق، وضو کن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے۔

سیرت نبوی کا مزید تعارف، کچھ اور صحابہ کا ذکر، چند صحابہ کا قبول اسلام حضرت بلال، حضرت خباب، حضرت یاسر رضی اللہ عنہم، ان پر کئے گئے مظالم، خلفاء راشدین کے بارے میں مزید معلومات، عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا مزید تعارف، ہجرت کا تعارف

فرشتوں کے بارے میں معلومات، کم از کم چار فرشتوں کے نام معہ کام، فرشتے بھی اللہ کی مخلوق ہیں۔ فرشتے ہر وقت اللہ کی حمد و ثنا میں لگے رہتے ہیں اور اللہ کے حکم کی فوراً اور بے چوں چرا تعمیل کرتے ہیں۔ فرشتے کبھی غلطی نہیں کرسکتے، فرشتوں کو نہ تو بھوک لگتی ہے، نہ پیاس، نہ نیند، یہ کبھی تھکتے نہیں، اللہ نے ان کو اپنے احکامات کی تعمیل کے لئے معمور کیا ہے۔ فرشتے اللہ کی مرضی اور حکم کے بغیر بھی کچھ نہیں کرسکتے۔

مشہور آسمانی کتابیں، کن نبیوں پر اتریں؟ کیوں ضائع ہوگئیں؟ کون سی کتاب قیامت تک محفوظ رہے گی اور کیوں؟

چند نبیوں کے واقعات، حالات زندگی، حضرت یونسؑ، حضرت یوسفؑ،

پیارے نبی ﷺ کے مختصر حالات زندگی، حضور ﷺ دنیا میں کیوں تشریف لائے، آپ کے تشریف لانے کے وقت دنیا بالخصوص عرب والوں کا کیا حال تھا؟

پیارے نبی ﷺ کی پیاری باتیں (حدیث) کم از کم دس حدیثیں یاد کرنا۔

خلیفہ کسے کہتے ہیں۔ خلفاء راشدین کا تعارف، اسماء بالترتیب

اسلامی آداب، مسلمانوں پر ایک دوسرے کے حقوق، پڑوسیوں کے حقوق، والدین کے حقوق، استاد کے حقوق، وغیرہ

معاون کتاب: سچا دین حصہ دوم (مطبوعہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی)

## نصاب اسلامیات برائے درجہ پنجم

قرآن پاک ناظرہ مکمل، حفظ آخری پندرہ سورتیں۔

دینیات: ایمان مجمل اور مفصل معہ عربی متن، ایمان مجمل اور ایمان مفصل میں کن کن باتوں کا اقرار کیا جاتا ہے۔ تفصیل کے ساتھ، ان باتوں پر ایمان لانے کے فوائد اور ایمان نہ لانے کے نقصانات، خاص طور پر توحید، رسالت اور آخرت پر ایمان کا تصور مضبوط اور واضح کیا جائے، توحید کا خالص تصور دیا جائے۔ شرک کے مفسدات اور اس کی مختلف سورتیں بتائی جائیں۔

فقہی اصطلاحات کا تعارف، فرض، فرض کی قسمیں، سنت، سنت کی قسمیں، واجب، نفل، مباح، مکروہ، حرام، حلال، معہ عملی مثال کے۔ روزمرہ کی زندگی سے مثالیں دیکر اصطلاحات ذہن نشین کرائی جائیں۔ نجاست کی قسمیں، اور ان کے پاک کرنے کا طریقہ، وضو، فرائض، سنن، واجبات، مکروہات اور نواقص وضو

غسل، فرائض، تیمّم فرائض، کرنے کا طریقہ، کب کیا جاسکتا ہے، نواقص تیمّم

نماز مکمل، امام و مقتدی کے موٹے موٹے مسائل، مسبوق کے مسائل، سجدہ سہو کا طریقہ، سجدہ سہو کن صورتوں میں کیا جائے گا، عملی مشق کے ساتھ، اذکار نماز با ترجمہ یاد کرائے جائیں، اذان کے بعد کی دعا، نماز جنازہ کا طریقہ معہ دعائیں۔ قرآن پاک کی آخری پندرہ سورتیں حفظ،

روزہ، طریقہ، چھوٹے موٹے مسائل، زکوٰۃ، صدقہ فطر کا تعارف،

سیرت: حضور ﷺ کے مختصر حالات زندگی، نبوت سے ہجرت تک، ہجرت، مسلمانوں نے سب سے پہلے کہاں ہجرت کی، نجاشی کا دربار، حضرت جعفرؓ کی تقریر، کوہ صفا پر پیارے نبی ﷺ کی تقریر، حضرت محمد ﷺ پر سب سے پہلے ایمان لانے والوں کے نام، ہماری پاک مائیںؓ (ازواج مطہرات) کا تعارف مختصر حالات زندگی

عشرہ مبشرہ کا تعارف، خلفاء راشدین کے حالات زندگی، دور خلافت کے مختصر حالات، کچھ غزوات کا تعارف، کن حالات میں پیش آیا، حضور ﷺ کا آخری وعظ، کم از کم بیس احادیث یاد کرنا،

اسلامی آداب، بندوں کے حقوق، مسلمانوں کے حقوق، والدین کے حقوق، استاد کے حقوق، رشتے داروں کے حقوق، پڑوسیوں کے حقوق، گفتگو کے آداب، مجلس کے آداب، کچھ انبیاء کے مختصر حالات زندگی۔ حضرت یونسؑ، حضرت صالحؑ، حضرت ہودؑ (معاون کتاب: سچا دین حصہ سوم (مطبوعہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی)